© rasailojaraid.com



رہے ہیں۔ حالاں کہ پرتو اور تخلیق میں بہت بڑا فرق ہے۔ پرتو کو دیکھ کر کبھی کسی نے یہ دعوٰے نہیں کیا کہ یہ چیز آفتاب سے بنی ہے۔ اگر آپ یا آپ کے دوسرے بزرگ آفتاب کے نور سے منور دیواروں کا نام تخلیق رکھتے ہیں، تو پھر یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم آپ کی بات سمجھنے سے قاصر ہیں ـــــ اور کیا عرض کر سکتے ہیں؟

(جاری ہے)

---

(بقیہ صفحہ ۲۶)

سے میری لڑکی کے بال گر گئے ہیں۔ اب داماد کا تقاضا یہ ہے کہ وہ علیحدہ سے بال لے کر اپنے بالوں میں شامل کر لے تاکہ بدصورتی جاتی رہے۔ حضورؐ کا اس سلسلے میں کیا ارشاد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ایسی عورت پر لعنت کی گئی ہے جو الگ سے بال لے کر اپنے بالوں میں جوڑ لے۔ آپؐ کا ارشاد ہے:

"لا طاعة في معصية، إنما الطاعة في المعروف" (بخاری، مسلم)

"معصیت میں اطاعت نہ کی جائے۔ فرمانبرداری صرف نیکی کے کاموں میں کی جائے۔"

(جاری ہے)

---

شعر و ادب

مولانا عبدالرحمٰن عاجز

# جسے اعراض ہو...!

نوازا ہے ہمیں جس ذات نے احسان و منت سے
غضب ہے جی چرائیں ہم اسی کے حکم و طاعت سے

اگر ہو تیشۂ فرہاد جوئے شیر ملتی ہے!
وہ مشکل کون سی ہے حل نہ ہو جائے جو ہمت سے

ضرور اک روز مظلوموں کی آہیں رنگ لائیں گی
ضرور اک روز ظالم سرنگوں ہوں گے ندامت سے

سکونِ دل میسر ہے، نہ تسکینِ نظر حاصل
گزاریں زندگی ہم کس طرح پھر امن و راحت سے

سراغ منزل مقصود کب پاتا ہے وہ عاجزؔ
جسے اعراض ہو اللہ سے، قرآں سے، سنت سے!

© rasailojaraid.com